پریس ریلیز

گوجرانوالہ 15 نومبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب سے کلاتھ مارکیٹ بورڈ گوجرانوالہ کے وفد نے ملاقات کی ۔اس موقع پر سابق صدر اخلاق احمد بٹ، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل اور صدر کلاتھ مارکیٹ بورڈ گوجرانوالہ شیخ محمد افضل، صدر اے بلاک شیخ عرفان، جنرل سیکریٹری کلاتھ مارکیٹ بورڈ شیخ شرجیل، جنرل سیکریٹری جناح بازار میاں محمد طاہر، میاں عبدالخالد، سہیل امتیاز بٹ ،شیخ محمود، چوہدری محمد اسلم ،اختر مغل ،شیخ عمران خالد ایڈووکیٹ و دیگر شخصیات بھی موجود تھیں ۔وفد کی قیادت کرتے ہوئے صدر کلاتھ مارکیٹ شیخ محمد افضل نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ کلاتھ مارکیٹ بورڈ کیلئے بڑے اعزاز کی بات ہے چیمبر آف کامرس کی دوسری مرتبہ صدارت کا شرف کلاتھ مارکیٹ بورڈ ہی سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیت کو ملا ہے۔ بلاشبہ شیخ فیصل ایوب نے انتہائی محنت اور لگن سے گزشتہ سال بزنس کمیونٹی کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دیں ۔انشاء اللہ چیمبر آف کامرس میں ایک سالہ تجربہ کی بنیاد پر انہیں مزید کامیابیوں سے ہم کنار کرے گا۔انہوں نے یقین دلایا کہ پوری کلاتھ مارکیٹ شیخ فیصل ایوب کی کامیابی کیلئے ہمہ وقت ان کے ساتھ تعاون کریگی۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ تمام کاروباری دوستوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پچھلے سال جو کامیابی نصیب ہوئیں بلاشبہ آپ دوستوں کی مشاورت اور راہنمائی سے ممکن ہوئی البتہ اب بھی میری تمام دوستوں سے گزارش ہوگی کہ ہمیں اپنے مسائل سے آگاہ کریں مسائل کا تدارک کرنے کیلئے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی ۔کلاتھ مارکیٹ بورڈ میرا اپنا ادارہ ہے مجھے بورڈ سے منسلک دوستوں کے مسائل میرے اپنے مسائل ہیں جنہیں حل کرنا میری اولین ترجیحی ہے۔